ماما میں آتی ہوں چور کا فون ہے """"وریشہ شازیہ کو کہتی اٹھی لیکن ایک نظر افان پر ضرور دلی تھی۔۔۔

چور تم نہ زندگی میں پہلی بار مجھے اتنی اچھی لگی ہو میں بتا نہیں سکتی تمہیں """"وریشہ خوشی سے کہتی دور ریسٹورنٹ سے باہر آگئی تھی۔۔۔۔

آہ سچی وری """""نور نے حیرت ظاہر کی۔۔۔

""""" اور نہیں تو کیا بور ہو گئی تھی میں تمہاری کال انا میرے لیے کوئی نعمت سے کم نہیں

ایک منٹ ایک منٹ مجھے سوچنے دو کے آخر تم ہو کہاں جہاں نہ خوش ہو """""نور نے سوچ کر وریشہ سے کہا

تو وریشہ نے برا سا منہ بنایا۔۔۔

یار جلدی مت سوچنا آرام آرام سے سوچنا تکہ میں فوت ہو جاوں اتنی دیر میں """"وریشہ کی بات پر نور بے ساختہ ہنسی

خود ہی بتا دو اب تم میرا سوچنے کا اب کوئی فائدہ نہیں """"۔۔۔۔نور نے جان چھڑائی



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Gham E Aashiqui| By Anabiya Seher(Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"""""" اتنا تمہارا دماغ نہیں کے کچھ سوچ سکو

اچھا اچھا بتاو نہ کہاں ہو """""نور جلدی سے بولی کہیں وریشہ فون ہی نہ بند کر دے

ماما بابا کے ساتھ آئی ہوں ڈنر پر """""وریشہ نے برا سا منہ بنایا

"""""" تو تمہیں تو خوش ہونا چاہیے میرے حساب سے تو

""""""" اپنے حساب کتاب اپنے پاس ہی رکھو تو زیادہ اچھا ہے میرا دماغ خراب ہو رہا ہے یہاں

تمہارا وہ کزن بھی ساتھ ہے کیا تمہارے """""نور نے معنی خیز انداز میں کہا

ہاں """""وریشہ کہتی ادھر ادھر دیکھنے لگی

"""""" تبھی بولوں تمہارا دماغ کیوں خراب ہو رہا ہے

تم اب میرا دماغ نہیں خراب کروں جو بات کرنے کے لیے فون کیا ہے وہ کرو """""""وریشہ بگڑ کر بولی

ہائے ہائے وریشہ تم کیوں بیچارے افان کو پسند نہیں کرتی اسے کزن تو قسمت والوں کو ملتے ہیں میرا ایسا کزن

ہوتا میں تو کب کا اسے اپنا دیوانہ بنا چوکی ہوتی """""نور جذباتی ہو کر بولی

اس لیے تمہارا کوئی کزن ہے نہیں اور جو ہیں وہ منہ نہیں لگتے تمہیں تمہاری نیت ہی گندی ہے اور تمہارا

دیوانہ بنتا کون قسم سے کوئی اندھا ہی ہو گا """""""وریشہ مزے سے بولی اور آخر میں ہنسی

اڑا لو میری بے بسی کا مزاق """""نور رونے جیسی ہو گئی

بس چور کبھی کبھی انسان کو سب کچھ نہیں ملتا اللہ کچھ بندوں کو گناہ سے بچتا ہے جسے تمہیں دماغ نہ دے کر

""""""" شکل بھی بس ٹھیک ہی ہے اور عقل تو تم کو چھو کر بھی نہیں گزری اور بیچارے لڑکے




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بس کرد و میری تعریفیں کرنا""""نور نے وریشہ کی بات کاٹی اور فون بند کر دیا۔۔۔

وریشہ نے قہقہہ لگایا۔۔۔

تم میں کوئی خوبی ہو نہ ہو لیکن میرا موٹ بہت اچھا کر دیتی ہو تم چور""وریشہ پھر سے قہقہہ لگا کر ہنسی

کیا ہو گیا""وریشہ کی ہنسی کو بریک لگا افان کی آواز پر پھر ایڑیوں پر گھومی

افان حیرت سے وریشہ کو دیکھ رہا تھا سمجھنے کی کوشش کر رہا ہو کہ کیا ہوا تھا۔۔۔

"""" پاگل ہو گئی ہو خود ہی ہنسی جا رہی ہوں

تم سے مطلب """"وریشہ کہتی جانے لگی لیکن

افان نے وریشہ کا ہاتھ پکڑ لیا۔۔۔

وریشہ نے پہلے اپنے ہاتھ کو دیکھا جس پر افان کا ہاتھ تھا پھر افان کو دیکھا جو مسکرا رہا تھا۔۔۔۔

میرا ہاتھ پکڑنے والے کا منہ میں توڑوں یا نہ توڑوں لیکن تھپڑ ضرور مار دیتی ہوں تم میرے اپنے ہو اس لیے

بتا رہی ہوں ورنہ میں بتانے کی بھی زحمت نہیں کرتی """"وریشہ نے کہ کر اپنا ہاتھ کھینچا۔۔۔ لیکن افان

نے نہیں چھوڑا وریشہ آنکھیں زور سے بند کی پھر کھولی افان کو دیکھا جو مسکرا رہا تھا۔۔۔

آج کہ ہی دیا تم نے کے میں تمہارا ہوں وہ بھی اپنا """"افان نے آنکھ ماری

کتنے چھچھورے انسان ہو ماما بابا کو پتہ چلا نہ تمہارا قسم سے اتنی بھی (شہادت کی انگلی اور انگوٹھے سے ناپا)

عزت نہیں رہیے گی """"وریشہ کی بات پر افان نے قہقہہ لگایا۔۔۔

زرا سی بھی کوئی بے زاتی فل ہو کسے انسان ہو """"وریشہ چیڑ کر کہا۔۔۔




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں تمہاری باتوں کا برا نہیں مانتا وریشہ مجھے پتہ ہے یہ سب بس دل کا غبار ہے جو تم نکال دیتی ہو یہ بھی پتہ ہے تم مجھے خاص پسند بھی نہیں کرتی""افان نے ابھی بھی وریشہ کا ہاتھ نہیں چھوڑا

تو یہ کہوں نہ بے زاتی کروانے کا شوق ہے""وریشہ نے اب زور سے اپنا ہاتھ کھینچا اور سائیڈ سے نکال گئی بڑبڑاتی۔۔۔اور افان موڑ کے دونوں ہاتھ بندھ کر وریشہ کو جاتا دیکھ رہا تھا۔۔۔

کیا کروں مجھے کوئی بات بری ہی نہیں لگتی وریشہ تمہاری""""افان سوچتا رہا پھر سر جھٹک کر آگے بڑھ گیا

تم کہاں گئی تھی اور افان کہاں ہے تمہیں بولانے گیا تھا""وریشہ آکر بیٹھی تو شازیہ نے وریشہ کے پیچھے دیکھا

پتہ نہیں وہاں تو نہیں آیا""وریشہ نے لاپرواہی سے کہا

تمہیں بولانے بھیجا تھا کہاں گیا""""شازیہ نے فکر مندی سے انیس خانزادہ کو دیکھا جو موبائل میں لگے تھے۔۔۔

بچہ نہیں ہے آجائے گا پریشان ہو جاتی ہوں جلدی ہی""انیس خانزادہ نے شازیہ کو دیکھ کر کہا پھر موبائل میں لگ گئے۔۔۔

اس ہی دروان افان آگیا تو کھانا بھی آگیا۔۔کھانا خاموشی میں کھایا گیا۔۔۔کھانا کھا کر فارغ ہوئے تو باتوں میں لگے گئے شازیہ اور افان۔۔۔

وریشہ افان کو گھورے جا رہی تھی تھوڑ تھوڑی دیر میں

کیسا چالاک ہے یہ کسے بن رہا ہے ماما بابا کے سامنے اس سے اچھا کوئی ہے نہیں ابھی بتاوں اس کی باہر ولی حرکت اور اسے سے پہلے ولی حرکت """وریشہ افان کو دیکھ رہی تھی جو مسکرا مسکرا کے باتیں کر رہا تھا




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

۔۔۔۔۔۔

کیا دیکھ رہی ہو وریشہ """"افان نے اب کے وریشہ کو دیکھ کر کہا تو وریشہ گڑبڑائی۔۔۔

تم میں اچھا ہے ہی کیا جو دیکھوں گی تمہیں """"وریشہ نے اب تن کر کہا

اتنا اچھا تو ہے میرا بیٹا ہینڈسم سا """"شازیہ نے وریشہ کی بات پر مسکرا کے کہا تو وریشہ نے منہ بنایا اور دوسری طرف دیکھنے لگی ان سب میں انیس خانزادہ خاموش بیٹھے تھے یہاں بھی آفس کے کام نمٹا رہے تھے۔۔۔

مامی چیک کریں ماموں کو یہاں بھی کس کے ساتھ لگے ہیں """"افان تھوڑا شازیہ کی طرف کھیسا شرارت سے بولا

افان کی بات پر شازیہ مسکرائی۔۔

"""" پتہ ہے مجھے کس کے ساتھ لگے ہیں ایک ہی تو ہے اور وہ ہے انکا آفس

وریشہ کہاں گئی تھی ابھی تم کھانے سے پہلے "" یاد آنے پر شازیہ نے وریشہ سے پوچھا۔۔۔

ماما چور کا فون تھا ہانی اور ہادی کی انگیجمنٹ کی ڈیٹ رکھ دی ہے اگلے ہفتے کی اسی کا بتا رہی تھی """"وریشہ کو ابھی ہانی کا میسج آیا تھا چور نے تو فون بند کر دیا تھا۔۔۔

پیپرز کے بیچ میں رکھ دی انگیجمنٹ بعد میں رکھ لیتے """"شازیہ نے کچھ سوچ کر وریشہ سے کہا۔۔

ماما انکی مرضی کہ تو بعد کا ہی رہے تھے پوچھوں گی ہانی سے "وریشہ نے بھی لاعلمی ظاہر۔۔۔

اچھا ماما زکی انی کو کیوں نہیں لائے ساتھ مجھے ابھی خیال آیا """"وریشہ کو زکی آنی کا خیال آیا تو فوراً ان پوچھ بیٹھی۔۔۔۔




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"""" تمہیں ابھی خیال آیا ہے انہوں نے آنے سے مانا کر دیا تھا

مامی میں کھانا پیک کروا کر آتا ہوں زکی انی کا""""" زکیہ کا ذہن میں آتے ہی افان کو خیال آیا تو اٹھا۔۔۔ وریشہ اور شازیہ بھی جانے کے لیے اٹھی تھے۔۔۔ انیس خانزادہ اٹھ کر پہلے ہی چلے گئے تھے کسی کام سے جانا تھا اب وریشہ اور شازیہ کو افان کی گاڑی میں جانا تھا۔۔۔

ماما بابا کو کیا ہوا ہے آج سارا ٹائم موبائل میں ہی لگے تھے کھانا بھی خاموشی سے کھایا زیادہ بات بھی نہیں کی""""" وریشہ کو آج انیس خانزادہ سنجیدہ لگے اور دن کی نسبت

کام کی وجہ سے تھوڑا پریشان ہیں کسی نے آنا ہے کسی ڈیل کے لئے""""" شازیہ نے بتایا تو وریشہ خاموش ہو گئی وہ دونوں باہر آ گئے تھے افان ابھی تک نہیں آیا تھا۔۔۔

ماما چابی ہوتی تو ہم دونوں ہی چلے جاتے اب ویٹ تو نہیں کرنا پڑتا ہمیں یہاں""""" وریشہ ناراض ہوتے ہوئے بولی۔۔۔

بیٹا تھوڑا تو انتظار کرو آ جائے گا لو آ گیا""""" شازیہ وریشہ کو سمجھا ہی رہی تھی کے افان کو آتا دیکھ لیا۔۔۔

مامی دیر تو نہیں ہوئی""""" افان پاس آ کر شازیہ کو کھانے کا پیکٹ پکڑاتا بولا۔۔۔

""""" ارے نہیں بیٹا اتنا تو وقت لگ ہی جاتا ہے

اچھا چلیں ماما آپ آگے بیٹھے"""" وریشہ کہتی شازیہ کو آگے بیٹھنے کا اشارہ کیا۔۔۔

افان نے ایک نظر وریشہ کو دیکھا پھر کار کھولی آگے خود بیٹھا شازیہ بھی آگے بیٹھ گئی اور وریشہ پیچھے۔۔۔۔

گھر آ کر شازیہ تو کار سے اتر کر گھر کی طرف چلی گئی افان ابھی کار میں ہی بیٹھا تھا۔۔۔۔




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وریشہ """""وریشہ اترنے لگی توافان کی پکار پر روک گئی اور سوالیہ نظروں سے دیکھا۔۔۔

سوری وہاں ہے لیے """"افان نے مضرات کی تووریشہ نے منہ بنایااور بناکچھ بولے کار سے اتر گئی توافان بھی اترا۔۔۔

مفت میں کھانا کھالیااور ایک مبارک باد بھی نہیں دی مجھے """"افان کی آواز پر وریشہ توپہلے روکی پھر افان کی طرف موڑی

وریشہ کو یہ امید ہر گز نہیں تھی افان یہ بولے گا وریشہ کو سمجھ نہیں آیا کیا بولے پھر خود ہی پیر پھٹکتی اپنے کمرے کی طرف جانے لگی لیکن افان وریشہ کے سامنے آگیا تووریشہ کو مجبورِ روکنا پڑا اور یشہ زبد کرتی گھورتی رہی

انتہائی کوئی بد تمیز انسان ہو تم سے بات نہیں کرتی تو خود ہی میرے سامنے آجاتے ہو اور یہ مفت کا کھانا تم نے کیسے کھلایا ہے ہاں """""وریشہ غصے سے کہتی اپنے چھوٹے سے بیگ سے پیسے نکال کر افان کے منہ پر مارے آئندہ اگر غلطی سے بھی کہیں لیکر جاوں نہ کسی کو تو یہ احسان مت کرنا کے لوگ تمہارے موفتے کے لئے بیٹھے ہیں """""وریشہ غصے سے چیخ کر اپنے کمرے کی طرف چلی گئی وریشہ ہمیشہ اس ہی راستے سے اپنے کمرے میں جاتی تھی۔۔۔

افان بالکل چپ وریشہ کے پھینکے ہوئے پیسوں کو دیکھ رہا تھا اس نے کب سیر س ہو کر کہا تھا بس مزاق تھا جو کیا تھا۔۔۔

وریشہ مجھ سے ہمیشہ اسے کیوں بات کرتی ہے؟ میں نے کب کچھ وریشہ سے بد تمیزی کی ہمیشہ دوست بن کر




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مزاق کرنے کی کوشش کی """"افان گھٹنوں کے بل نیچے بیٹھ کر پیسے اٹھا رہا تھا

لوگ تو بس کہہ جاتے ہیں باتیں



لیکن دل کس بات پر دکھا یہ کوئی نہیں سمجھ سکتا۔۔۔۔۔

اس کی کیا ضرورت تھی شازیہ گھر میں کھانا پکایا تھا روزینہ نے """"شازیہ نے آتے ہی کھانا☆☆☆☆ زکیہ کے حوالے کیا

یہ آپ افان کو کہنا وہ اتنے پیار سے لیکر آیا ہے کھالیں وہ تو ساتھ جانے کا بھی کہہ رہا تھا آپ ہی نہیں گئی """" شازیہ کھانا زکیہ کے حوالے کر کے صوفے پر آکر بیٹھ گئی تھی۔۔۔

انیس نہیں آیا آپ لوگوں کے ساتھ اور افان کہاں ہے """" نظر نہ آنے پر زکیہ نے شازیہ سے پوچھا

وہ تو آفس کے کام سے کہیں چلے گئے تھے وہیں سے افان باہر ہی ہے آتا ہو گا وریشہ اپنے کمرے میں چلی گئی تھی باہر سے ہی """" شازیہ نے تفصیل سے بتایا۔۔۔

اچھا میں یہ کھانا رکھ کر آتی ہوں چائے پیوں گی بناو، """"زکیہ نے جاتے جاتے شازیہ سے پوچھا

نہیں ذکیہ خالہ گنجائش نہیں ہے ابھی بالکل بھی افان سے پوچھ لو بیٹا چائے پیوں گے """" شازیہ نے انکار کیا

تو افان کو آتا دیکھ کر افان سے پوچھا۔۔۔افان زبردستی مسکراتا ہوا آیا

بیٹا یہ کھانے کی کیا ضرورت تھی """"زکیہ نے شرمندہ ہوتے ہوئے کہا

"""" زکی انی خوشی سے لایا تھا آپکے لیے

جیتے رہو اللہ کامیاب کرے آپکو بہت اچھے لڑکے ہو """"زکیہ پیار کرتی کچن کی طرف چلی گئی




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

افان شازیہ کی طرف موڑا تو شازیہ کو وہ ٹھیک نہیں لگا

افان بیٹا کیا ہوا طبیعت تو ٹھیک ہے چہرا کیوں اترا ہوا ہے """" شازیہ کہتی افان کے پاس آئی

"""" نہیں مامی میں ٹھیک ہوں بس نیند آرہی ہے

ہاں ٹھیک ہے سو جانا لیکن کوئی بات ہے تو مجھے بتاو """""" شازیہ کو لگا شاید افان کسی بات پر پریشان ہے بتا نہیں رہا۔۔۔

نہیں مامی اسی کوئی بات نہیں بس نیند آئی ہے میں آپ سے صبح بات کرتا ہوں """" شازیہ کو مطمئن کرتا افان مسکرا کر اپنے روم کی طرف بڑھ گیا۔۔۔۔

شازیہ افان کو دیکھتی رہی جاتے ہوئے پھر اپنے کمرے کی طرف بڑھی گئی۔۔۔۔

♤♡♤♡♤

صبح معمول کے مطابق سب ناشتہ کر رہے تھے افان بھی خاموش بیٹھا ناشتہ کر رہا تھا ساتھ انیس خانزادہ بھی ناشتہ کر رہے تھے۔۔

"""" وریشہ کہاں ہے کالج کی دیر نہیں ہو رہی

انیس خانزادہ نے نیوز پیپر سائیڈ کرتے شازیہ سے پوچھا جو بریڈ پر مکھن لگا رہی تھی۔۔۔

اٹھا کر آئی ہو تیار ہو رہی ہے میں پھر جاتی ہوں کہیں پھر نہ سو گئی ہو """ شازیہ کہتی اٹھی۔۔۔انیس خانزادہ نے پھر سے نیوز پیپر سامنے کر لیا افان خاموشی سے ناشتہ کر رہا تھا۔۔۔

افان کیسی جا رہی ہے تمہاری جاب؟؟؟ """" انیس خانزادہ نے افان سے پوچھا




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ماموں بہتر """"افان نے صرف اتنا ہی کہا۔۔۔

کوئی مسئلہ کوئی پریشانی تو نہیں ہے اگر ہے تو بتاو؟""""اب کے انیس نے نیوز پیپر رکھ کے پوری توجہ سے افان کو دیکھا۔۔۔

"""" نہیں ماموں سب ٹھیک ہے بس کوشش کر رہا ہو گھر کا ہو جائے تو امی کو بولا لوں

ہاں یہ تو اچھی بات ہے ہو جائے گا گھر کا بھی ٹینشن نہیں لینا جہاں اتنا سب ہوا ہے آگے بھی ہو جائے گا""""

انیس خانزادہ نے افان کو مسکرا کر تسلی دی تو افان بھی مسکرا دیا۔۔۔

شازیہ وریشہ کے روم میں آئی تو وریشہ شیشے کے سامنے کھڑی بال بنا رہی تھی دروازہ کھولنے پر موڑی۔۔۔

"""" کتنا تیار ہو گی وریشہ اب ناشتہ بھی کرنے آجاوں بابا پوچھ رہے ہے اپکا

""""ماما بس آہی رہی تھی

وریشہ اپنا بیگ موبائل کتابیں اٹھاتی بولی اور کمرے سے نکال گئی شازیہ بھی وریشہ کے پیچھے گئی۔۔۔

رو کو وریشہ """شازیہ نے وریشہ کو آواز دی تو وریشہ رو کی موڑ کے شازیہ کو دیکھا۔۔۔

یہ لو کل افان نے مجھے دیئے تھے """"شازیہ نے اپنا ہاتھ آگے کیا تو پیسے تھے وریشہ نے نا سمجھی سے شازیہ کو دیکھا۔۔۔

"""" افان نے آپکو کیوں دیئے

تم سے افان نے لیے تھے نہ ادھر وہ ہی واپس کئے ہیں کال رات مجھے """شازیہ کو ساری بات کا پتہ نہیں تھا یا وریشہ کو ایسا لگا۔۔۔




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مجھے نہیں چاہیئے واپس دے دیں آپ اسے """"وریشہ جانے کے لئے موڑ گئی لیکن شازیہ وریشہ کے سامنے آ گئی

"""" کیوں تم سے ادھر لیئے تھے نہ وہ ہی واپس کر رہا ہے تمہیں کیوں نہیں چاہیئے

ماما میں نے کہا مجھے نہیں چاہیئے واپس آپ اسے واپس کر دیں یا کسی غریب کو دے دیں """"وریشہ دنت پس کر بولی اور سیڑھیاں اتر گئی شازیہ بس اسے دیکھتی رہ گئی تھی پھر وہ بھی نیچے آ گئی۔۔۔

گوڈ مورننگ بابا""" وریشہ لاڈ سے بولی افان کو نظر انداز کیا۔۔۔

بیٹا تمہاری ماں نے سن لیا تو پھر سے تمہاری کلاس شروع ہو جائے گی """""انیس خانزادہ نے دھیمی آواز میں کہا تو وریشہ ہنسی۔۔۔۔

بابا آپکو ماما ہی ملی تھی شادی کرنے کے لیے """"وریشہ نے شرارت سے کہا پھر جوس گلاس میں ڈالنے لگی

۔۔۔۔

بیٹا جی آپکو اتنی اچھی ماما کوئی اور نہیں مل سکتی اچھا اب کچھ نہیں کہنا میری بیگم کے خلاف """"انیس خانزادہ نے وریشہ کو ڈانٹا۔۔۔

وریشہ پھر سے ہنسی۔۔۔۔

افان پہلے کی نسبت کافی سنجیدہ لگ رہا تھا وریشہ اور انیس خانزادہ کی باتوں میں بنا دلچسپی لیئے وہاں سے اُٹھ گیا

۔۔۔

افان بیٹا ناشتہ کر لیا """"شازیہ کچن میں ہی آ رہی تھی افان کو جاتا دیکھ کر وہیں روک گئی۔۔۔



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Gham E Aashiqui| By Anabiya Seher(Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جی ماما می کر لیا بس آفس کے لیے نکال رہا ہوں """"افان مسکرایا

آپ دونوں کی باتیں ختم ہو گئی ہو تو وریشہ بیٹھ کر سہی سے ناشتہ کر کے جاوں """"شازیہ نے افان کے پیچھے دیکھا وریشہ ویسی کھڑی باتوں میں لگی تھی صرف ایک گلاس جوس ہی پیا ہو گا۔۔۔

ماما موٹ نہیں ناشتے کا آپ کر لینا """"وریشہ پیار سے کہتی اپنا سامان اٹھاتی بولی۔۔۔

جب تک افان اپنے کمرے میں جا چکا تھا

وریشہ یہ کیا طریقہ ہے ناشتہ کر کے جاوں """"شازیہ نے اب غصے سے کہا تو وریشہ کو پھر بھی اسر نہیں ہوا

۔۔۔

بابا """"وریشہ نے معصوم شکل بنا کر انیس خانزادہ کو دیکھا۔۔۔

جانے دو کر لے گی کالج میں """"انیس خانزادہ نے مسکرا کے وریشہ کی بات مانی تو شازیہ نفی میں سر ہلاتی اپنی کرسی پر آ کر بیٹھی

بابا مجھے یاد آیا میری گاڑی مسئلہ کر رہی ہے کچھ آپ دیکھ لے اسے """"وریشہ جاتے جاتے روکی۔۔۔

ایسا کرو آج گاڑی نہیں لکیر جاوں میں خان بابا سے کہ کر ٹھیک کروا دیتا ہوں """"انیس خانزادہ اپنی جگہ سے کھڑے ہو کر وریشہ کے سامنے آئے۔۔۔

تو بابا میں ابھی کیسے جاوں گی """"وریشہ حیرت سے بولی۔۔۔

افان بیٹا تمہیں دیر نہیں ہو رہی تو وریشہ کو اس کے کالج چھوڑ دو """"انیس خانزادہ نے افان کو کمرے سے نکالتا دیکھا تو روک لیا۔۔




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

افان نے ایک نظر وریشہ کو دیکھا جو منہ بنائے بیزار کھڑی تھی پھر انیس خانزادہ کو دیکھا۔۔۔

مجھے کوئی مسئلہ نہیں ماموں """"افان مسکرا کے کہتا موڑ گیا۔۔۔وریشہ سے نظر ملائے بغیر

افان کے ساتھ چلی جاوں آج کل میں گاڑی ٹھیک کروادوں گا""۔۔۔۔۔انیس خانزادہ مسکرا کے وریشہ کو دیکھا جو منہ پھلائے کھڑی تھی پھر اونچی آواز میں سلام کرتی گھر سے نکل گئی۔۔۔

جو بھی تھا انیس خانزادہ کے سامنے وہ بدتمیزی نہیں کرتی تھی جہاں انیس خانزادہ وریشہ سے بہت پیار کرتے تھے وہاں وریشہ کی بدتمیزی برداشت بھی نہیں کرتے تھے۔۔۔

اور وریشہ انکی ہر بات مان لیتی تھی چاہے دل کرے یا نہ کرے

باہر آکر وریشہ کا بالکل دل نہیں کیا افان کے ساتھ جانے کا نہ گاڑی کھڑی تھی نہ افان وہاں تھا۔۔۔باہر کا دروازہ کھول کے وریشہ باہر گئی تو افان گاڑی میں بیٹھا وریشہ کا انتظار کر رہا تھا۔۔۔۔

وریشہ بنا کچھ بولے گاڑی چھوڑ کے جو دپیدل جانے سوچ کر نکال گئی افان نے دیکھا تو گاڑی کا دروازہ کھول کے گاڑی لوک کی اور وریشہ کے ساتھ چلنے لگا۔۔۔

کتنا اچھا موسم ہے نہ آج """"افان چلتے چلتے اپنی دھن میں بولا

وریشہ نے تعجب سے افان کو دیکھا۔۔۔۔

کچی پکی سڑک صبح کی ہوا تازگی بخش رہی تھی۔۔۔

وریشہ بنا کچھ بولے چل رہی تھی۔۔۔

اسے پیدل چلنے کی عادت نہیں تھی بار بار میٹی سے آٹے جوتوں کو جھٹک رہی تھی۔۔۔




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ناراض تو مجھے ہونا چاہیے کل تم نے میری بے زاتی کی لیکن میں تو ٹھیک ہوں تمہیں کیا ہوا ہے """""افان وریشہ کو اسے دیکھ رہا تھا جسے کچھ تلاش کر رہا ہو۔۔۔

تم سے مطلب """""وریشہ نے سامنے دیکھ کر بس اتنا ہی کہا تو افان مسکرایا

سارے مطلب مجھ سے ہی نکلتی ہو مجھے سے بھی تو پوچھو مجھے تم سے کیا مطلب ہے """""افان آہ بھرتا ہوا بولا۔۔۔

تمہیں مجھ سے صرف اور صرف بے زات ہونے کا شوق ہوتا ہے اور مطلب کیا ہو گا """""وریشہ تلخی سے بولی

نہیں نہیں """افان نے نفی میں سر ہلایا

مجھے بس اچھائی سے مطلب ہے وہ بھی تم سے میں نہیں جانتا کے تم اتنا کیوں مجھے بے زات کرتی ہو باقی سب سے تو ٹھیک ہو مجھ سے کیا مسئلہ ہے ؟؟"""بہت دنوں کی بات جو دل دماغ سوچ رہا تھا آج افان نے وہ زبان سے ادا کر دیا تھا اب وریشہ کے جواب کا منتظر تھا۔۔۔

تم سے مسئلہ پتہ ہے کیا ہے ؟"""""وریشہ اب افان کے سامنے رو کی دونوں بیچ سڑک پر آمنے سامنے کھڑے تھے۔۔۔

تم ایک نمبر کے فضول انسان ہو اور ڈھیٹ بھی اور مجھے اسے انسان سخت نہ پسند ہیں """""وریشہ کہتی آگے بڑھ گئی۔۔۔

افان نے قہقہہ لگیا۔۔۔




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تم ایک خوش مزاج اور دل رکھنے والے کی توہین کر رہی ہو اب وریشہ """"افان اب سنجیدہ ہوا۔۔۔

تو کیا کروں پھر چھوٹی تعریفیں نہیں ہوتی مجھ سے """وریشہ منہ بناتی بولی۔۔۔

اچھا رو کو وریشہ گاڑی میں چلو """"افان اب سنجیدہ تھا

مجھے نہیں جانا """"وریشہ اپنی بات پر قائم رہی اور چلتی رہی۔۔۔

میں ماموں کو فون کر دوں گا وریشہ کے تم میری بات نہیں مان رہی """افان نے اب دھمکی دی تو وریشہ روک گئی

زیادہ دور نہیں آئے ہم واپس چلو ماموں نے باہر کار دیکھ لی تو پریشان ہو جائیں گے """۔۔۔افان وریشہ کے سامنے آیا وریشہ گھورتی رہی

بابا کے نام پر بلک میل نہیں کرنا دوبارہ مجھے """"پھر واپس کے لئے موڑ گئی۔۔۔

واپسی کا راستہ خاموشی سے گئے دونوں پھر کار میں بھی دنوں خاموش رہے۔۔۔۔

کالج آ گیا تو وریشہ بنا کچھ بولے اتر گئی اور چلی گئی افان کچھ دیر دیکھتا رہا پھر وہ بھی چلا گیا۔۔۔۔۔۔

♡♤♡♤♡♤♡

تمہیں آج اتنی دیر کیوں ہو گئی کالج آنے میں """"وریشہ باہر بیٹھی سب کا انتظار کر رہی تھی اتنی دیر تو ہو ہی گئی تھی کے ایک کلاس مس ہو گئی۔۔۔۔

باہر لون میں بیٹھی تھی جب مزمل کی آواز آئی تو سر اٹھا کر دیکھا وہ بھی ساتھ ہی بیٹھ رہا تھا۔۔۔

گاڑی خراب ہو گئی تھی """"وریشہ نے برے موٹ کے ساتھ بتایا



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Gham E Aashiqui| By Anabiya Seher(Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

توآئی کسے پھر """""مزمل نے تفشیش سے پوچھا۔۔۔

اپنے کزن کے ساتھ """""وریشہ ادھر ادھر دیکھ کر بولی۔۔۔

وہ ہی جسے تم نہ پسند کرتی ہو """""مزمل مسکرا کے بولا تو وریشہ چیڑ گئی۔۔۔

""""" مجھے کوئی شوق نہیں اس کے ساتھ آنے کا بابا نے ساتھ جھج دیا تھا اور میں بابا کی کوئی بات نہیں ٹلتی

اچھا اچھا غصہ کیوں ہو رہی ہو """مزمل نے فوران ہاتھ سامنے کیئے جسے آرام سے۔۔۔

اسی ہی بس میرا موٹ ہی اس کی وجہ سے خراب رہتا ہے سمجھتا اپنے آپکو پتہ نہیں کیا ہے اتنی بے زاتی کروں

پھر دوسرے دن منہ اٹھا کر آجاتا ہے """""وریشہ غصے میں بھاری بیٹھی تھی

تم اپنے ماما بابا سے بات کروں وریشہ کب تک برداشت کرو گی """""مزمل وریشہ کو اور تیش دلا رہا تھا۔۔۔

ماما سے کہتی ہوں الٹا وہ مجھے سمجھتی ہیں کے کچھ دن ہے بڑا دل رکھو یہ وہ بابا سے کہ نہیں سکتی بابا میری ہار بات

مانتے ہیں میں انکی بات نہیں رد کر سکتی """""وریشہ بے بسی سے بولی

اب تم کیا کرو گی """""مزمل نے پوچھا تو وریشہ کی آنکھیں چمکی اور مزمل کو دیکھا۔۔۔۔

بہت الگ سا کچھ """""وریشہ چمکتی آنکھوں سے دور نور کو دیکھ رہی تھی جو وریشہ کو دیکھ کر بھی ان دیکھا کر

رہی تھی کل کی تعریف نور کو یاد تھی۔۔۔

دلہا دلہن کہاں ہیں میں تو ان سے ملنے آئی تھی """""وریشہ کہتی اٹھی نور کے پاس جانے کے لیے اور وہ بھی

اب وریشہ کے قریب ہی تھی۔۔۔مزمل بھی کھڑا ہو گیا۔۔۔

دلہا دلہن شاپنگ پر گئے ہیں اپنی اپنی امیوں کے ساتھ """""نور نے ایک ادا سے کہا تو وریشہ نے نور کا ہاتھ پکڑا




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

---

یہ اتنی صبح کون جاتا ہے شاپنگ پر؟""" وریشہ حیرت سے نور کو دیکھا

مجھے کیا پتہ جو بتایا مجھے وہ ہی بتا رہی ہوں""""" نور نے ناگواری سے کہا

ہائے بیچاری چور جیلس ہو رہی ہے یہ کیوں اکیلی رہ گئی غم نہ کر میری چور اللہ نے تمہارے لئے بھی کوئی رکھا ہو گا""""" وریشہ کہتے چور کا سر اپنے کندھے پر رکھنا چاہا لیکن نور پیچھے ہو گئی۔۔۔۔

مجھے کوئی جلدی نہیں تمہیں ہے تو آنٹی سے کہتی ہوں وریشہ کو جلدی ہے""""" چور بھی مزے سے بولی۔۔۔

میرے لئے ابھی کوئی آیا ہی نہیں ہے""""" وریشہ اترا کر بولی نور ہنسی۔۔۔۔

بس کر دوں سب کے لئے کوئی نہ کوئی آتا ہے تمہارے لیے بھی آیا ہو گا لیکن خیال سے تم سے ڈر کے بھاگ """""" نہ جائے

مزمل تم کیوں خاموش ہو بولو کچھ اس چورنی کو""""""" وریشہ نے اب مزمل کو آگے کیا لیکن وہ موبائل میں لگا تھا۔۔۔۔

وریشہ ٹھیک کہہ رہی ہے کوئی تو ہو گا ہی نہ اچھا وریشہ تم کچھ بتا رہی تھی""""" مزمل نے وریشہ سے پھر پوچھا کے آخر وہ کرنے کیا والی ہے افان کے ساتھ۔۔۔۔

ہاں چور تم بھی سنو""""" وریشہ پر جوش سے کہنا شروع ہوئی اور پتہ بھی نہیں چلا کب آسمان پر بادل آنے شروع ہوئے۔۔۔۔۔

تم چلو گی ہانی کی طرف""""" وریشہ کلاس نکلی تو نور سے پوچھا آخری کلاس لیکر نکل ☆☆☆☆☆☆☆




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

رہی تھی وہ دونوں۔۔۔

یاران دونوں کو ابھی ہی کرنی تھی منگنی دو ہفتے ہیں ہمارے پیپرز کے لیے کسے تیاری کریں گے """"نور چیڑ کے بولی



سوچ تو میں بھی یہ ہی رہی تھی کرنی تو پیپرز کے بعد ہی تھی چلو شام میں پتہ کرتے ہیں اصل بات """" وریشہ نے بیگ کندھے پر ڈالا۔۔۔

ایک سنڈے کو انکی منگنی دوسرے منڈے کو پیپرز """""نور سخت خفا لگ رہی تھی۔۔۔

یار تم کیوں ٹینشن لیتی ہو اتنے سال کیا جھاک مارا ہے پڑھائی تو کی ہی ہے اتنی کے کچھ لکھ سکے ہم """"وریشہ کو کوئی ٹینشن نہیں تھی وہ نور کو بھی سمجھا رہی تھی لیکن نور ٹینشن نہ لے ایسا کسے ہو سکتا تھا۔۔۔

اب اس ٹینشن ٹینشن میں تم اپنے ہاتھوں کے سارے ناخن نہ کھا جانا """"نور کا ایک ہاتھ منہ میں ہی تھا وہ ٹینشن میں ناخن چباتی تھی اور وریشہ کو سخت ناپسند تھی یہ عادت۔۔۔نور نے فوراً ان اپنا ہاتھ نیچے کیا۔۔۔

یار وریشہ دیکھو تو میں کسے انجوائے کروں گی ہانی کی منگنی خود سوچو """"نور روہانسی ہوئی

میں کیا کروں اس کے گھر جاوں روک دوں نہیں کیا کروں بتاو """"وریشہ اب تن کے نور کے سامنے کھڑی ہوئی گھور کر دیکھا۔۔۔

میں نے ایسا کب کہا کے رو کو بس ایک بات کہہ رہی ہوں """""نور اب سیدھی ہوئی نورمل انداز میں بولی

۔۔۔

تمہاری یہ بلاوجہ کی ٹینشن میں میں تمہیں ہی چھوڑ جاوں گی پھر پڑھتی رہنا پیپرز تک دل لگا کے """"وریشہ



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Gham E Aashiqui| By Anabiya Seher(Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کہتی روکی نہیں تیزی سے آگے بڑھ کے دروازہ بند کرنا چاہا تو نور فوران باہر بھاگی وریشہ کے دروازہ بند کرنے سے پہلے نور کی اس حرکت پر وریشہ زور سے ہنسی۔۔۔

کیوں بس یہی تک تھی """"وریشہ مزاق اڑتی بولی۔۔۔

وریشہ بہت بری ہو تم قسم سے """"نور چیختی پیر پھٹکتی آگے بڑھ گئی وریشہ ہنستی ہوئی نور کے پاس گئی۔۔۔

تم نے ابھی مجھے جانا ہی کب ہے چور """وریشہ مزے سے بولی۔۔۔

اچھے سے جانتی ہوں تمہیں میں """"نور منہ بناتی بولی

اچھا چلو آج پیدل چلتے ہیں گھر """"وریشہ نے چہک کر کہا تو نور نے وریشہ کو اسے دیکھا جسے دماغی امراض لاحق ہو گیا ہو۔۔۔۔

کیا اسے کیا دیکھ رہی ہو """"نور کے گھورنے پر وریشہ گڑبڑائی

تمہارا دماغ خراب ہو گیا ہے تمہارا گھر پاس ہو گا لیکن میرے گھر پہنچتے پہنچتے دوبارہ صبح ہو جائے گی """"نور خاطر میں لئے بغیر اپنے ڈرائیور کو کال کرنے لگی۔۔۔

میں کسے جاوں گی چور """"وریشہ نے معصوم شکل بنا کر پوچھا۔۔۔

جسے آج آئی تھی ویسی جاوں """"نور نے چٹکیوں میں مسئلے کا حل بتایا۔۔۔

""""" گاڑی نہیں ہے میرے پاس بابا کو کہا تھا بنوانے دی ہے

تو آج کسے آئی تھی پھر """نور دنت پیس کر بولی۔۔۔

افان کے ساتھ """وریشہ نے لاپرواہی سے کہا نور آنکھیں کھول کر وریشہ کو دیکھنے لگی۔۔۔



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Gham E Aashiqui| By Anabiya Seher(Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیا؟؟""""""نور کے گھورنے پر وریشہ نے پوچھا

تم اور افان کے ساتھ کیسے آ گئی""""""نورا بھی بھی سدمے کی کیفیت میں تھی جیسے ابھی چکرا کے گر جائے گی

او سنبھالو خود کو میں نے کوئی خطرے والی بات تو نہیں کر دی جو اسے کر رہی ہو""""""وریشہ نے منہ بنایا۔۔۔

یہ کیسے ہو گیا تم اور افان کے ساتھ """""""۔۔۔۔نور کی سوئی ابھی تک وہیں اٹکی ہوئی تھی

بابا نے کہا تھا چلی جاوں اور میں اتنی انکی فرمانبردار بیٹی انکی بات مان لی میں نے""""""وریشہ نے تیز تیز بولتے

بات ختم کی۔۔۔۔۔

واہ بھئی واہ جو آج تک نہیں ہوا وہ وریشہ کے بابا نے کر دیا واہ واہ""""""نورا نیس خانزادہ کو سراہا رہی تھی۔۔۔۔

چپ کر جاوں""""وریشہ نور کو چوٹکی کاٹ کر بولی۔۔۔

بہت ظلم ہو تم وریشہ """""نورا اپنا ہاتھ سہلاتی بولی۔۔۔

تم کیوں پھر فضول بولتی ہو نہیں بولا کروں""""""وریشہ غصے ناراضگی سے بولی۔۔۔

پاگل """""نور بڑبڑاتی دیکھنے لگی کے اس کی کار آئی یا نہیں اس ہی دوران ایک بلیک کالر کی گاڑی بالکل نورا اور

وریشہ کے سامنے آ کر رکی نور نے وریشہ کو دیکھا وریشہ نے نور کو دیکھا وریشہ نے لاعلمی ظاہر کی۔۔۔

اسے میں گاڑی کا دروازہ کھولا اور افان باہر نکلا۔۔۔۔

مسکرا کے افان نے پہلے نور کو دیکھا جو حیرات سے اسے ہی دیکھ رہی تھی پھر نظریں وریشہ کی طرف کی جو

تعجب سے دیکھ رہی تھی۔۔۔

اچھا تو آپ وریشہ کو لینے آئے ہیں""""""نور کی حیرت ختم ہوئی تو شرارت سے بولی۔۔۔




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وریشہ نے منہ دوسری طرف کر لیا جسے وہ یہ سب نہ دیکھ رہی ہو نہ سن رہی ہو۔۔۔۔

جی ہاں ماموں کی کال آئی تھی کے وریشہ کو کالج سے لے اوں """"افان نے مسکرا کے وریشہ کو دیکھا۔۔۔

بابا کو بھی یہی ملا تھا میرے لیے """"وریشہ بڑبڑائی

آپ نے کچھ کہا وریشہ """"افان نے بہت دھیمی آواز میں پوچھا۔۔۔۔

نہیں کیوں آئے ہو بابا کو منع نہیں کر سکتے تھے کے میں آفس میں ہوں کام ہے نہیں جا سکتا۔۔۔"""وریشہ چبا کر بولی۔۔۔۔

دیکھوں وریشہ میں ماموں کو انکار نہیں کر سکتا تھا"""افان نے نور کو دیکھا کر کہا جسے شاید کوئی غلطی کر دی ہو آ کر

ہاں تم بہت فرمانبردار """وریشہ چیڑ کر بولی۔

وریشہ جاوں اب افان آگیا ہے تو تمہیں شکریہ ادا کرنا چاہیے افان کا کسے جاتی تم """"نور نے افان کو شرمندگی سے بچنے کے لیے کہا۔۔

چلی جاتی ہوں مفت کا ڈرائیور جو مل گیا مجھے """"وریشہ افان کو جتا کر بولی پھر گاڑی میں جا کر بیٹھ گئی۔۔۔

مائنڈ نہیں کرنا وریشہ کی باتوں کو وہ بس اسی ہی ہے """"نور نے افان سے مضرات خوں انداز میں کہا۔۔۔

نہیں مائنڈ نہیں کرتا بلکہ مجھے تو وریشہ کو تنگ کرنے میں مزہ آتا ہے """"افان مسکرا کے بولا نور ہنس دی

افان مزے لینے کے چکر میں پچتانا نہیں پڑ جائے """"نور نے ڈرایا۔۔۔۔

دیکھتے ہیں آگے پھر کون پچتاتا ہے """"افان نے چیلنج کرنے کے انداز میں کہا پھر گاڑی کے اس طرف دیکھا



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Gham E Aashiqui| By Anabiya Seher(Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جہاں وریشہ بیٹھی تھی۔۔۔

اس ہی دروان نور کی بھی گاڑی آگئی وہ بھی ہاتھ ہلاتی اپنی گاڑی میں بیٹھ گئی توافان بھی گاڑی میں بیٹھا۔۔۔

گھر تک چھوڑ آتے """"وریشہ نے عام سے انداز میں کہا لیکن لہجے میں چھپا تنز شامل تھا۔۔۔۔

ہاہاہادل تو کر رہا تھا تمہیں اس کے گاڑی میں بھیج کر خود اسکو چھوڑ کر آتا کم از کم مسکراتا چہرا تو دیکھنے کو ملتا"""""

افان سامنے دیکھ کر بولا وریشہ نے گھورا۔۔۔

افان نے کچھ نہیں کہا گاڑی سٹارٹ کی وریشہ بھی موبائل میں لگ گئی۔۔۔

پھر وریشہ نے موبائل کان سے لگایا۔۔۔

ہاں مزمل آج آئے نہیں """"وریشہ نے افان کے سامنے خوش مزاجی سے کہا۔۔۔۔

افان سنجیدہ ہو گیا اور اس بات کا وریشہ کو اچھے سے اندازہ ہو گیا تھا اس لیے مسکرا مسکرا کے باتیں کر رہی تھی۔۔۔

"""""تم اور تمہارے کام کبھی نہیں ختم ہوتے مزمل پیپرز ہونے والے ہیں پڑھائی نہیں کرنی

"""" ہاں بالکل پچھلی بات کی طرح چیٹنگ ہی کروں گے

مزمل کی بات پر وریشہ نے قہقہہ لگایا۔۔۔۔

اور ایک جھٹکے سے گاڑی روکی وریشہ کا سر ڈیش بورڈ پر لگتے لگتے بچا موبائل بھی نیچے گر گیا تھا۔۔۔۔غصے سے بھری آنکھوں سے افان کو دیکھا پھر موبائل اٹھایا کال کاٹ چکی تھی۔۔۔۔

"""""تمیز نہیں ہے اسے چلاتے ہیں گاڑی




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں اس سے بھی بری آتی ہے چلانا شکر کرو گھر سہی سلامت آگئی تم ورنہ تمہاری حرکت پر تو دل کرتا ہے ماموں کو جا کر سب بتادوں انکی لاڈلی بیٹی کیا کام کر رہی ہے """"افان کافی ہادتک سنجیدہ تھا وریشہ ایک منٹ کے لئے سہمی لیکن پھر خود کو سنبھالا۔۔

بابا کی دھمکیاں مجھے نہیں دیا کرو سمجھے بابا کو مجھ پر جتنا اعتبار ہے نہ تمہاری سوچ ہے آئندہ مجھے دھمکی مت دینا ورنہ وہ حال کروں گی نہ یاد رکھوں گے """""افان نے گاڑی گھر کے سامنے ہی روکی تھی وریشہ سرخ آنکھوں سے گھورتی ہوئی گاڑی سے اتری۔۔۔

افان وریشہ کو جاتا دیکھ رہا تھا پر سوچ نظروں سے۔۔۔

وریشہ سہی کو نظر انداز کرتی ہے یا غلط کا اندازہ نہیں ہے؟ بچی تو ہے نہیں جو سمجھے نہیں """""افان سوچ ہی رہا تھا لیکن کال آنے پر چونکا۔۔۔

""""" ہاں اظہر آرہا ہوں بس تھوڑے کام سے آیا تھا

آرہا ہوں نہ کیا جلدی ہے """""افان بیزار سا بولا۔۔۔

اظہر کی بات پر ساری بیزاری اڑان چھو ہوئی۔۔۔

""""" کیا کہاں پر

تو دیر کس بات کی ہے آج چلتے ہیں پھر """""افان مسکرایا

ہاہاہا اظہر تم نہیں سمجھو گے جیتنی جلدی مجھے گھر ملنے کی خوشی ہے اس سے کئی زیادہ دکھ بھی ہے """""افان افسردگی سے گھر کی طرف دیکھ کر بولا۔۔۔



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Gham E Aashiqui| By Anabiya Seher(Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

چلو آکر بات کرتا ہوں میں """"افان نے موبائل بند کیا اور گاڑی سٹارٹ کی ایک نظر گھر کو دیکھا پھر گاڑی آگے لے گیا۔۔۔



♤♡♤♡♤♡♤

سمجھتا کیا ہے خود کو فضول انسان مجھے دھمکی دے رہا تھا اب تو کچھ کرنا پڑے گا بہت زبان چلنے لگی ہے اس کی اب اس کو جانا پڑے گا یہاں سے بس بہت ہو گیا: """""""" وریشہ تیزی سے چلتی بڑبڑاتی گھر میں داخل ہو رہی تھی شازیہ کی آواز پر روکی

اتنی تیزی سے کیوں آرہی ہو """" شازیہ کہتی وریشہ کے سامنے آئی جو غصے سے بھری پڑی تھی۔۔۔

ماما بابا کو کہ دیں میری گاڑی جلدی ٹھیک کروایئے اور اگر کیسی کو جھجھ نہ ہو تو کیسی اور کو بھیجا کریں آئندہ افان """" کو نہیں بھیجے

کیوں کیا ہوا ہے کیوں غصے میں ہو کیا کہا ہے افان نے """" شازیہ پریشانی سے کہتی وریشہ کے پاس آئی

""""""" ماما آپ لوگوں کو وہ اتنا کیوں پسند ہے مجھے بتائیں

کیوں ہوا کیا ہے بتاو تو """" شازیہ وریشہ کو پیار سے کہتی صوفے کے پاس لا کر بیٹھایا۔۔۔

کیوں پسند ہے وہ آپ لوگوں کو """" وریشہ نے پھر وہی سوال کیا جذباتی ہو کر

بیٹا وہ بہت اچھا ہے ہر بات مانتا ہے بہت فرمانبردار ہے """""" شازیہ بہت احتیاط سے وریشہ کو سمجھا رہی تھی

۔۔۔۔

اور میں' میں نہیں ہوں اچھی """" وریشہ روہانسی ہوئی



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Gham E Aashiqui| By Anabiya Seher(Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"""""کیوں بیٹاافان نے کچھ کہاہے

مجھے بتائیں میں نہیں ہوں کیااچھی"""""وریشہ اب کے رونے والی ہوگئی تھی۔۔۔

نہیں بیٹامیری گڑیاتوبہت اچھی ہے کیس نے کہامیری بیٹی کو برا"""""شازیہ نے پیار سے کہااور وریشہ کو گلے لگایا۔۔۔۔

توماما آپ افان کو پسند نہیں کیا کرے مجھے نہیں اچھالگتا کے آپ اس کو پیار سے دیکھتی ہیں بات کرتی ہیں """""وریشہ نے آنکھیں بند کی توآنسو گرے۔۔۔

بیٹاسب کااپنامقام ہے تمہارا کوئی نہیں لے سکتااور افان تواکیلا ہے نہ بیٹااس کا تو یہاں کوئی نہیں ہے ہمارے علاوہ گھر لے گا تو بولا لے گا اپنی امی کو۔۔۔دل بڑا کرتے ہیں """""شازیہ وریشہ کو پیار سے سمجھارہی تھی اور وریشہ خاموشی سے شازیہ کے گلے لگی رہی کچھ نہیں بولی۔۔۔

افان میرے خیال سے کچھ برا نہیں کہتامزاق کرتاہوگا وہ آپ سے کزن ہے نہ تمہارااور سنو"""""شازیہ نے کہاپھر وریشہ کا چہرااپنے سامنے کیاجو رونے کی وجہ سے آنکھیں اور ناک سرخ ہورہی تھی۔۔۔

تمہاری پھوپھو آنے کا کہ رہی ہے افان کے گھر کا بھی ہو جائے گا شاید انکو کچھ دن یہی رہناپڑے لیکن وریشہ میں چاہتی ہوں تم انکے سامنے کوئی اسی حرکت نہیں کرناورنہ وہ ہمیں ہی برا کہیں گی """""شازیہ وریشہ کا ہاتھ پکڑ کے بولی لکین انکے لہجے میں التجا تھی۔۔وریشہ کو کچھ اچھا نہیں لگا تو شازیہ کے ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھا

۔۔۔۔۔۔

"""""وہ آپکو کیوں برا کہیں گی بات تو میں کروں گی نہ




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تمہاری تربیت تو میں نے کی ہے نہ بچپن سے لیکر آج تک جو بھی سکھایا ہے وہ میں نے ہی سکھایا ہے نہ تم نے کچھ برا بھلا کہا تو بات مجھ پر ہی آئی گی کے میں نے تمہیں یہ سب سکھایا ہے """"شازیہ وریشہ کو سمجھا رہی تھی آج وریشہ کو سمجھنا اچھا لگ رہا تھا۔۔۔

آپ کو کوئی کہ کر تو دیکھے مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا """"وریشہ ہلکی پھلکی ہوتی شازیہ کے کندھے پر سر رکھا۔۔۔

ہاہاہا اچھا تم سے برا کوئی ہے بھی نہیں """"شازیہ وریشہ کی ناک دبا کر بولی۔۔۔

"""" تمہیں افان سے کیا شکایت ہے بتاو

وہ میرے کاموں میں ٹنگ آڑتا ہے مجھے کیوں بار بار مزمل کے ساتھ دیکھنے پر دھمکیاں دیتا ہے """"وریشہ یہ صرف سوچ سکی کہنا تو دور کی بات تھی۔۔۔

ماما پتہ نہیں """"وریشہ بس جان چھڑانے والے انداز میں کہ کر اٹھ گئی۔۔۔

وریشہ یہ کیا بات ہوئی بتاو تو """"شازیہ نے پوچھنا چاہا آخر مسئلہ کیا ہے۔۔۔

ماما میں فریش ہونے جا رہی ہوں کھانا نکالے پھر مجھے ہانی کی طرف جانا ہے """"وریشہ جلدی جلدی کہ کر اپنی چیزیں اٹھا کر شازیہ خوشی گل پر بوسہ دے کر اپنے کمرے کی طرف بھاگی۔۔۔

ایک تو یہ لڑکی کب روئے کب سہی ہو جائے پتہ نہیں چلتا """شازیہ بڑبڑاتی اٹھی کچن میں جانے کے لیے

""""""""""

شام کا وقت تھا افان جب ☆☆☆☆☆



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Gham E Aashiqui| By Anabiya Seher(Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

گھر آیا تو گھر میں خاموشی تھی ویسے وہ جب بھی آتا تھا اس ہی طرح خاموشی ہوتی لیکن آج کچھ زیادہ افان کو محسوس ہوئی۔۔۔

گھر میں داخل ہوا تو کوئی نظر نہیں آیا شازیہ سامنے ہی ہوتی تھی ذکیہ کے ساتھ آج نہیں تھی افان دیکھتا ہوا اپنے کمرے میں گیا بیڈ پر بیٹھا جوتے اتارنے لگا۔۔۔۔

آج وہ گھر دیکھ کر آیا تھا خوش تھا کے پسند بھی آگیا تھا کل ماموں سے بات کر کے کل ہی خریدنے کا فیصلہ کرے گا۔۔۔

وہ یہاں خوش تھا ماموں کی صورت میں باپ ملا تھا مامی کی صورت میں ماں لیکن

((😂😂بہن کا سوچ نہ بھی نہیں کوئی )

وہ وریشہ کی طرف سے مایوس ہو گیا تھا

پتہ نہیں وریشہ مجھے غلط کیوں سمجھتی میں نے تو کبھی کچھ نہیں کہا""""افان سوچتے ہوئے اٹھ کر کھڑی کے پاس چلا گیا جو باہر لون کی طرف کھلتی تھی۔۔۔

اتنا لاڈ پیار بھی کس کام کا جس میں خوف ڈر نہ ہو'ماں باپ کی اتنی آزادی بھی اچھی نہیں وریشہ کے لیے مامی سختی کرتی ہیں تو وہ ان سے بھی ناراض ہو جاتی ہے اور ماموں محبت میں اس کی ہر بات مانتے ہیں لیکن اس کا مطلب یہ تو نہیں کہیں بھی جائے کسی کے ساتھ بھی""""افان آج سنجیدگی سے وریشہ کے بارے میں سوچ رہا تھا اور کیوں پتہ نہیں۔۔۔۔

مامی کو وریشہ کی فکر ہے وہ پریشان بھی ہوتی ہیں وریشہ کو زندگی میں سب ملا ماں باپ کا پیار ہر وہ خواہش پوری




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہوئی جو وہ چاہتی تھی اور اس سب کا صلہ وریشہ کس صورت دے گی،،؟ خیر میں دعا ہی کر سکتا ہوں اللہ وریشہ کو اپنے امان میں رکھے اور تھوڑی بہت عقل بھی دے """"آخر میں افان کے چہرے پر مسکراہٹ آگئی تھی پھر وہ منہ پھر ہاتھ پھیرتا باتھروم کی طرف گیا۔۔۔

تھوڑی دیر بعد جب وہ باہر آیا تو کمرے سے باہر نکال۔۔۔

زکی انی """"افان آواز دیتا کچن طرف گیا۔۔وہاں بھی کوئی نہیں تھا افان کچن سے باہر آیا تو پھر افان کی نظر اپر اٹھی وریشہ کے کمرے کی طرف پھر شازیہ کے کمرے کو دیکھا۔۔

افان پھر باہر کی طرف گیا وہاں بھی کوئی نہیں تھا۔۔

کہاں گئے سب کے سب """"افان باہر گیٹ پر کھڑا سوچ ہی رہا تھا پھر کچن میں آکر کھانا دیکھنے لگا۔۔

سامنے ہی کھانا رکھا ہوا تھا افان کے چہرے پر مسکراہٹ آئی پھر سالن پلیٹ میں ڈال کر اوون میں رکھا گرم کرنے کے لیے۔۔۔

باہر سے کسی کے چلنے کی آواز آرہی تھی افان نظر انداز کرتا اپنا کام کر رہا تھا۔۔

افان بھائی آپ کب آئے مجھے بولا لیا ہوتا میں اسٹور میں تھی صفائی کر رہی تھی """"روزینہ افان کو دیکھ کر شرمندہ ہوئی۔۔

میں تو کافی دیر کا آیا ہوا ہوں کوئی نظر نہیں آیا مجھے سب کہاں ہیں """"افان روزانہ کی آواز پر گھوما شازیہ باجی زکیہ خالہ کے ساتھ بازار تک گئی ہیں """"روزینہ نے افان کو ایک طرف کیا اور خود کھانا گرم کرنے لگی۔۔




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اچھاوریشہ بھی گئی ہے """"افان نے سرساری سا پوچھا۔۔۔

نہیں وہ تواپنی دوست کے گھر گئی ہیں جن کی منگنی ہے """"روزینہ نے فرج سے آٹا نکالا اور روٹی پکانے لگی۔۔

روٹی نہیں تھی کیا""افان نے تعجب سے پوچھا

"""" میں تو سمجھا کھانا تیار ہے

سب تیار ہے بس شازیہ باجی نے کہا جب آپ اوتو آپکو تازی روٹی بنا کر دوں """"روزینہ تیزی سے اپنا کام کر رہی تھی۔۔۔افان وہیں کھڑا باتیں کرنے لگا۔۔۔

کب سے ہو یہاں """"افان کے سوالات کا آغاز ہو گیا تھا۔۔۔

کوئی تین چار ماہ سے ہوں """"روزینہ نے کچھ سوچ کر جواب دیا۔۔۔

اور زکی انی وہ کب سے ہیں یہاں """"افان ہاتھ بندھے میز پر ٹیک لگائے کھڑا ہو گیا۔۔۔

"""" وہ تو بہت سالوں سے یہاں ہیں جب وریشہ باجی چوٹی تھی

افان بھائی آپ وعدہ کریں گے ایک """"روزینہ نے بے چارگی جیسی صورت بنا کے منہ اٹھایا۔۔۔

ہاں کسے وعدہ """"افان نے مسکرا کے کہا۔۔۔

وریشہ باجی کو نہیں بتانا آپ کے میں نے آپ سے بات کی ہے وریشہ کو باجی کہا ہے ورنہ وہ شازیہ باجی سے کہ کر مجھے نکلوادیں گی """"روزینہ بہت کم آواز میں رازداری سے افان سے کہ رہی تھی۔۔۔افان کو روزینہ کے انداز پر ہنسی تو بہت آئی لیکن ضبط کر لی۔۔۔۔




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بھالا وہ کیوں ڈرتی ہو تم وریشہ سے """"افان نے شرارت سے کہا۔۔۔

وہ غصہ بہت کرتی ہیں ہر بات پر میرا کیا کام تو انکو کبھی پسند نہیں آتا اور تو اور وہ تو کہتی ہیں مجھے باجی نہیں کہا کرو """"روزینہ نے میز پر کھانا لگایا تو افان جا کر بیٹھا کھانا شروع کیا۔۔۔۔

اتنا غصہ آتا کہاں سے انکے پاس پتہ نہیں شازیہ باجی اور انکے شوہر تو بہت اچھے ہیں ذکیہ خالہ بھی اچھی ہیں اور آپ بھی """"روزینہ اب کے سائڈ میں کھڑی تھی نظریں جھکا کر۔۔۔روزینہ ایک کام عمر لڑکی تھی۔۔۔

افان مسکرا کے کھانا کھا رہا تھا کچھ کہا نہیں تو روزانہ جانے لگی۔۔

ایک بات تو بتا کر جاو """"افان کی آواز پر روزینہ رو کی۔۔۔

جی """"افان روزینہ کو نہیں دیکھ سکتا۔۔۔روزینہ کو آگے آنا پڑا۔۔۔

سچ بتانا میرے آنے پر تمہاری وریشہ باجی نے کچھ نہیں کیا تھا """"افان نے آرام سے کھانا کھاتے ہوئے پوچھا۔۔۔۔

افان بھائی آپ کے آنے کی انکو کوئی خوشی نہیں تھی ایک بار جب آپ کے کمرے کے صفائی کر رہے تھے میں اور شازیہ باجی تو وریشہ باجی آئی اور کہا کس کے لئے ہو رہی ہے یہ صفائی تو شازیہ باجی نے اپکا نام لیا تو غصہ کرنے لگی اور ایک اتنا پیارا سا گملا بھی توڑ دیا تھا اور کہا نہیں رہنے دوں گی """"افان کی پوچھنے کی دیر تھی روزینہ تو مشن کی طرح شروع ہو گئی تھی۔۔۔

اتنا دھیان تم کام پر دو تو جلدی ہو جائے کام وہ دیکھو """"افان نے چولہے کی طرف اشارہ کیا جہاں ہر چیز ویسی کی ویسی پڑی تھی۔۔۔روزینہ شرمندہ ہوتی اس طرف گئی کام سمیٹنے لگی کچھ بھی تھا افان کو اچھا نہیں لگا




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

روزینہ کااس طرح کہنا۔۔۔افان وہاں سے اٹھا باہر آ گیا پھر آواز دے کر کہا

"""""" روزینہ چائے بنا کر میرے کمرے میں لے آنا



♤♡♤♡♤♡♤♡

تم نہ بڑی وہ ہو،"""""وریشہ ہانی کے سر پر کھڑی کڑی نظروں سے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔

کیا ہے ماما پاپا نے کیا ہے مجھے اور ہادی کو تو پتہ بھی نہیں تھا"""""اب کے ہانی بے چارگی سے بولی۔۔۔

ہاں تم اور ہادی کو پتہ نہ ہو ایسا ہو سکتا ہے """""اب کے نور نے بھی گھور کے کہا۔۔۔

یار سچ بول رہی ہو کیوں نہیں یقین کر رہے ہو تم لوگ """""ہانی بے چاری رونی شکل بنا کر بولی تو وریشہ نے نور کی طرف دیکھا۔۔۔۔

اچھا ٹھیک ہے مان لیا پر تم لوگ بول نہیں سکتے تھے پیپرز کے بعد کا"""""نور غصے سے دنت پس کر زور سے بولی۔۔۔

چور کیوں بے چاری کو تنگ کر رہی ہو تم اب بعد میں ہو یا ابھی کیا فرق پڑتا ہے """""وریشہ نے نور کو ٹھنڈا کر رہی تھی۔۔۔

تمہیں کیا ہو رہا ہے اتنا غصہ کس بات پر کر رہی ہو """""ہانی بھی اب کھڑی ہو کر بولی

اس کو غصہ اس بات کا ہے ہادی نے اس کو چھوڑ کے تم سے کیوں شادی کرنے کا سوچا"""""وریشہ نے آگ لگانے والے انداز میں کہا۔۔۔

خوش فہمی میں نہیں رہتی ہادی سے لاکھ درجے بہتر شہریار ہے پھر میں اس سے شادی نہ کر لوں """""نور



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Gham E Aashiqui| By Anabiya Seher(Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نے لڑاکا عورت کی طرح کہا تو وریشہ کو ہنسی آگئی۔۔۔۔

ہانی چل اس کی بارات آج ہی شہریار سے کہ کر بولا لیتے ہیں بہت جلدی ہے """"وریشہ نے شرارت سے ہانی کے کندھے پر ہاتھ رکھا لکین ہانی پیچھے ہو گئی وریشہ گرتے گرتے بچی تو نور ہنس دی۔۔۔

یار تم لوگ اپنی اپنی بولنا بند کرو گے میری سنو گے """"ہانی نور اور وریشہ کی باتوں سے چیڑ کر بولی۔۔۔

تمہیں کیا ہوا ہے کیوں پریشان ہو رہی ہو """"اب کے نور نے سنجیدگی سے پوچھا وریشہ بھی ہانی کو دیکھنے لگی۔۔۔

یار وہ ہادی کی پھوپھو جان کو آرہی ہیں میری """"ہانی اب منہ بسوڑ کے بیٹھی۔۔۔

کیوں اب انہوں نے کیا کر دیا """"وریشہ نے سرساری انداز میں پوچھا۔۔۔

یار وہ کہتی ہیں کے آج سے گھر سے نہ نکلو دلہن گھر سے باہر جاتی ہے تو کچھ غلط ہوتا ہے پھر """"ہانی کے بتانے کی دیر تھی وریشہ اور نور کا قہقہہ گونجا

یار یہ تمہاری ہونے والی پھوپھو کونسی صدی کی ہیں """"وریشہ سے تو کچھ بولا نہیں گیا نور نے کہا پھر ہنس نے لگی۔۔۔

ہنس لو تم لوگ جب تم لوگوں کی باری آئے گی نہ پھر پوچھو گی """""ہانی پھر منہ بنا کر بیٹھ گئی

تم نے جانا کہاں ہے ہادی سے ملنے """""وریشہ نے شرارت سے کہا۔۔۔

ہادی سے تو کالج میں مل لیتی لیکن کلاج جانے سے بھی منع کر دیا """"ہانی روٹھے پن سے بولی۔۔۔

ایک ہفتے کی تو بات ہے چھوڑو نہیں جاوں کالج پیپرز کی تیاری گھر میں کر لو """""نور نے مشورہ دیا پھر



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Gham E Aashiqui| By Anabiya Seher(Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کمرے میں ہانی کی ماما آگئی تو تینوں خاموش ہو گئی۔۔۔۔۔

آنٹی اس سب کی کیا ضرورت تھی """""ہانی کی ماما کھانے کے لیے بہت کچھ لائیں تو وریشہ نے کہا۔۔۔

تمہیں ضرورت نہیں ہو گی لیکن نور تو کھائے گی """""ہانی نے شرارت سے نور کو دیکھ کر کہا تو نور نے منہ بنایا پھر دونوں ہنس دی۔۔۔۔

بیٹا آپکی ماما کیسی ہیں """ہانی کی ماما نے وریشہ سے پوچھا۔۔۔۔

ماما تو ٹھیک ہیں """وریشہ نے مسکرا کے کہا۔۔۔

لانا اپنی ماما کو ہانیہ کی شادی پر نور بیٹا آپ بھی ٹھیک ہے میں کچھ کام ہے دیکھ لوں تم سب باتیں کرو """""ہانی کی ماما کہتی مسکرا کے واپس چلی گئی۔۔۔

نور تو ٹوٹی تھی کھانے پھر جس پر وریشہ نے نور کو گھورا اور ہانی ہنس نے لگی۔۔۔

♡♤♡♤♡♤

افان کو کھانا دے دیا تھا روزینہ """""شازیہ نے آتے ہی روزینہ سے پوچھا۔۔۔۔

ہاں باجی دے دیا تھا ابھی چائے دے کر آئی ہوں افان بھائی کے کمرے میں """""روزینہ نے بہت ادب سے کہا۔۔۔

اچھا ٹھیک ہے میں دیکھتی ہوں افان کو تم کھانا گرم کرو وریشہ کے بابا آتے ہوں گے """""شازیہ روزینہ کو ...ہدایت دیتی افان کے کمرے کی طرف بڑھی گئی

شازیہ افان کے کمرے میں آئی تو افان لیپ ٹاپ پر بیٹھا کام کر رہا تھا۔۔۔آواز پر چونک کر سر اٹھایا تو شازیہ کو



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Gham E Aashiqui| By Anabiya Seher(Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آتا دیکھ کر لیپ ٹوپ سائیڈ میں رکھ کے کھڑا ہو گیا۔۔۔

""""""ارے بیٹھو بیٹا میں تو دیکھنے آئی تھی کھانا کھایا سہی سے یا نہیں اگر نہیں تو آجاوں ماموں کے ساتھ کھالو نہیں مامی ٹھیک سے کھایا تھا آپ پریشان نہیں ہوں""""""افان نے مسکرا کے تسلی کروائی

اچھا ٹھیک ہے آرام کر لو میں ہی دیکھنے آئی تھی""""""شازیہ مسکرا کے کہ کر واپس جانے لگی تو افان نے آواز دی۔۔۔

""""""" مامی آپ سے بات کرنی ہے

ہاں بیٹا بولو""""""شازیہ افان کی آواز پر موڑی سوالیہ نظروں سے دیکھا۔۔۔

وہ مامی میں آج ایک گھر دیکھ کر آیا ہوں ماموں سے بھی بات کروں گا پھر امی کو بلانا ہے امی کا روز فون آتا ہے

""""""افان نے بات شروع کی

تم چلے جاوں گے """""شازیہ کا مسکراتا چہرا مایوسی میں ڈھال گیا۔۔۔

ہاں مامی ایک دن تو جانا تھا نہ """""افان نے مسکرا کے شازیہ سے کہا۔۔۔

کچھ دن اور رہ لو آپا کو بھی کچھ دن ہی رہنے دینا""""""شازیہ کو اچھا نہیں لگا تھا افان کا یوں اچانک جانے کا پروگرام

مامی امی یہاں رہ سکتی ہیں جتنے دن بھی رہیے لیکن جانا تو ہے نہ کب تک یہاں رہیے """افان شازیہ کو سمجھا رہا تھا۔۔۔

شازیہ کچھ نہیں بولی خاموش ہو گئی تھی۔۔۔۔۔




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مامی میں کہی دور تو نہیں جارہا یہی ہوں آتا جاتا رہوں گا""""شازیہ کا اترا چہرا دیکھ کر افان نے مسکرا کے تسلی دی

ٹھیک ہے جسے تمہاری مرضی""""شازیہ نے مسکرا کے بس اتنا ہی کہا اور کمرے سے چلی گئی

افان کو اچھا نہیں لگا شازیہ کو اسے دیکھ وہ بھی کیا کرتا جانا تھا ایک دن آج نہیں تو کل افان سوچتا رہا پھر تھوڑی دیر بعد کمرے سے باہر نکلا انیس خانزادہ سے ملنے کے لیے۔۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆

تو تم نے جانے کا فیصلہ کر ہی لیا ہے""""انیس خانزادہ نے چائے کی پیالی میز پر رکھتے ہوئے افان کو دیکھا۔۔۔

جی ماموں""""افان نے سر ہلایا

ٹھیک ہے پھر کل چلتے ہیں مجھے کوئی اعتراض نہیں تمہارے جانے سے آج نہیں تو کل جانا ہی تھا نا اور آپا کو جلدی بولا لو انکا بھی دل کر رہا ہے اب یہاں آنے کا""""انیس خانزادہ نرمل اندز میں بولے جب کے شازیہ خاموش بیٹھی تھی۔۔۔

تم تو چلے جاوں گے تمہاری مامی اداس ہو جائے گی""انیس خانزادہ نے شازیہ کو دیکھتے ہوئے چھیڑا

میں مامی سے ملنے روز آیا کروں گا پکا""""افان شازیہ کو دیکھ کر بہت محبت سے بولا

چلو ابھی یہ جانے کی باتیں چھوڑو اور تم شازیہ بیگم ابھی یہ ہیں ہے کہیں نہیں جارہا موڈ ٹھیک کر لو""""انیس خانزادہ نے پھر مسکرا کے کہا تو شازیہ نے اس بار بھی کچھ نہیں کہا تو انیس خانزادہ ہنسے۔۔۔

پری کہاں ہے آئی نہیں ابھی تک""""انیس خانزادہ کو یاد آیا تو پوچھ لیا



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Gham E Aashiqui| By Anabiya Seher(Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آپکی لاڈلی کو وقت کا حساس ہو تو آئے ناوہ فون کیا تھا میں نے ابھی کہا کے آرہی ہوں میں اور یہ ٹائم ہو گیا ہے """"شازیہ وریشہ کی ان حرکتوں پر خاصی ناراض ہوتیں تھیں

دیر دیر سے گھر آنا کیا یہ سہی بات ہے حالات دیکھیں آپ شہر کے لیکن آپکو یا آپکی لاڈلی کو کچھ کہ دوں تو برا مان جاتے ہیں """"شازیہ سخت غصے میں تھی ٹائم دیکھ دیکھ کر شازیہ کا خون کھول رہا تھا۔۔۔

انیس خانزادہ کو پتہ تھا ابھی کچھ کہ دیا تو شازیہ اور غصے میں آجائے گی اس لیے خاموشی اختیار کی اور فون نکال کر وریشہ کا نمبر ڈائیل کیا۔۔۔

افان نے گھڑی کی طرف دیکھا تو رات کے دس بجا رہی تھی۔۔۔شازیہ کے ساتھ ساتھ افان کو بھی فکر ہونے لگی تھی کے اب تک کیوں نہیں ائی۔۔۔

مامی وریشہ کہاں گئی ہے کہیں تو میں لے آتا ہوں """"شازیہ کی پریشانی دیکھ کر افان نے کہا لیکن شازیہ افان کو دیکھتی رہی پھر وریشہ سے ابھی کچھ دیر پہلے ہوئی بات یاد آگئی۔۔۔

کوئی ضرورت نہیں ہے افان کو تو آپ بھیجنا بھی نہیں انتہائی کوئی بد تمیز انسان ہے وہ میں نہیں اوں گی اس """" کے ساتھ مزمل لینے آرہا ہے مجھے میں اس کے ساتھ آجاوں گی

مامی """"افان کے دوبارہ پکارنے پر شازیہ چونکی۔۔۔

ہاں """نہیں آرہی ہے وہ اپنے دوست کے ساتھ """"شازیہ بس اتنا ہی کہا پھر انیس خانزادہ کو دیکھا وہ بھی موبائل میں لگے تھے شازیہ کو انکو دیکھ کر اور غصہ آیا۔۔۔

کوئی پریشانی نہیں ہے آپ کو وریشہ کی تھوڑی سختی کرتے آپ تو ٹائم کا خیال ہوتا اسے """"شازیہ کہتی اٹھ




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

گئی وہاں سے افان تو بس دیکھ رہا تھا کبھی انیس خانزادہ کو جو موبائل میں لگے وریشہ کا نمبر ڈائیل کر رہے تھے جو لگ نہیں رہا تھا اور کبھی شازیہ کو جو فکر پریشانی میں چکر لگا رہی تھی۔۔۔

باہر سے آواز آنے لگی تو شازیہ نے باہر کی طرف دیکھا انیس خانزادہ بھی اپنی جگہ سے اٹھے ساتھ افان بھی

۔۔۔

وہ جو اپنی دھن میں چلتی آ رہی تھی سب کو دیکھ کر قدم روکے۔۔۔

سب کو باری باری دیکھا اندازہ لگا رہی ہو کے کیا ہوا۔۔۔

تمہیں وقت کا خیال ہے یا نہیں ٹائم دیکھو کیا ہو رہا ہے """"شازیہ نے آگے آ کر وریشہ کو دیکھ کر سختی سے کہا۔۔۔

ماما کہا تو تھا دیر ہو جائے گی ہانی کے گھر سے ہی لیٹ نکلی تھی مزمل ہی دیر سے آیا تھا""""۔۔۔وریشہ نے لاپرواہی سے کہا۔۔۔افان مزمل کا نام سن کر چونکا

افان گھر میں تھا اور تم اس کے ساتھ آئی ہو مجھے بتا دیتی میں لینے آ جاتا """"انیس خانزادہ کو وریشہ کی بات کچھ خاص پسند نہیں آئی تھی شازیہ کو دیکھا جو غصے سے وریشہ کو دیکھ رہی تھی۔۔۔

آپکی لاڈلی کو جو سہی لگے گا یہ وہ ہی تو کرے گی کسی کی کب سنی ہے """شازیہ کا غصہ کم نہیں ہو رہا تھا۔۔۔

ماما مزمل میرا دوست ہے کیا غلط ہے اس میں """"وریشہ کو شازیہ کی باتیں شروع سے پسند نہیں آتی تھی وریشہ کو لگتا تھا شازیہ بلاوجہ ہی غصہ کرتی ہیں۔۔۔

وریشہ اپنے کمرے میں جاوں """"انیس خانزادہ نے وریشہ کو جانے کا کہا تو وریشہ نے انیس خانزادہ کو دیکھا



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Gham E Aashiqui| By Anabiya Seher(Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پھر شازیہ کو جو وریشہ کے سامنے کھڑی تھی۔۔۔

"""""" تمہیں لوگوں کا اندازہ کب ہو گا وریشہ بچی نہیں ہو اب اسے کسی کے ساتھ بھی نہیں آجاتے ہیں یہی میں آپ سے کہ رہی ہوں ماما میں اسی کسی کے ساتھ نہیں جا سکتی """""وریشہ نے اب کے افان کو دیکھ کر چبا کر کہا

اپنوں اور غیروں میں فرق کرنا سیکھو وریشہ """""شازیہ آج موڈ میں تھی وریشہ کو سمجھانے کے لکین وریشہ نہیں تھی۔۔۔

ماما میں مزمل کو دو سال سے جانتی ہوں اور جن اپنوں کا آپ کہ رہی ہو نا ان اپنوں کو آئے ابھی دو چار دن بھی نہیں ہوئے اور میں اچھے سے جانتی ہوں کون کیسا ہے """""وریشہ چبا چبا کر بولی دیکھ افان کو ہی رہی تھی جو بس خاموش ہی کھڑا تھا۔۔۔۔۔۔

شازیہ بس کرو ں وریشہ جاوں اپنے کمرے میں """""انیس خانزادہ آگے آکر وریشہ کو جانے کے لیے کہا تو وریشہ ضبط کرتی سائیڈ سے نکال گئی روک کر افان کو دیکھا پھر آگے بڑھ گئی۔۔۔

آپ ہمیشہ اسی کرتے ہیں آج وہ اپنوں کو چھوڑ کر غیروں پر اعتبار کرنے لگی ہے اس کا وہ دوست مزمل مجھے بالکل نہیں پسند """""شازیہ کو وریشہ پر غصے کے ساتھ حیرت ہو رہی تھی۔۔۔

میں سمجھاتا ہوں وریشہ کو تم اپنی طبیعت نہیں خراب کرو """""انیس خانزادہ نے شازیہ کو کندھوں سے تھام کر صوفے کی طرف لا کر بیٹھایا۔۔۔افان نے پاس پڑے جگ میں سے پانی نکال گلاس میں ڈلا پھر انیس خانزادہ کو پکڑایا۔۔۔



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Gham E Aashiqui| By Anabiya Seher(Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں بتا رہی ہوں آپکو آپکا یہ لاڈ پیار وریشہ کو بگاڑ رہا ہے""""شازیہ نے پانی پی کر انیس خانزادہ کو شکایتی نظروں سے دیکھا اور اٹھ کر اپنے کمرے میں چلی گئی۔۔۔۔

انیس خانزادہ سانس لیتے ہوئے صوفے پر بیٹھے۔۔۔۔

افان کو سمجھ نہیں آ رہا تھا کے کیا بولے خاموشی سے انیس خانزادہ کو دیکھ رہا تھا۔۔۔

ماموں ٹھیک ہیں آپ""""افان کو یہ ہی سمجھ آیا تو پوچھ لیا۔۔۔

ہاں ٹھیک ہوں میں تم پریشان نہیں ہونا نہ پری سنتی ہے نہ اس کی ماں دونوں ایک جیسی ہیں"انیس خانزادہ نے مسکرا کے کہاں۔۔۔انیس خانزادہ اچھے سے جانتے تھے وریشہ کی عادت کو اور شازیہ کی عادت کو بھی اس لیے وہ تھوڑے نرمل انداز میں تھے۔۔۔

ایک بات بتاو افان""""انیس خانزادہ کچھ سوچتے ہوئے افان سے بولے۔۔۔

جی ماموں""""افان پہلے سے ہی انیس خانزادہ کو دیکھ رہا تھا۔۔۔

تمہارے ساتھ وریشہ کا رویہ ٹھیک نہیں ہوا ابھی تک""""اب کے انیس خانزادہ نے پوری توجہ سے افان کو دیکھا۔۔۔

افان کو سمجھ نہیں آیا کیا بولے۔۔۔

نہیں ماموں اب ٹھیک ہمارے بات چیت ہو جاتی ہے کبھی کبھی ابھی تو اتنے سالوں بعد ہم ملے ہیں ٹائم لگے گا سب سہی ہونے میں""""افان نے انیس خانزادہ کو اپنی طرف سے مطمئن کرنا چاہا تو انیس خانزادہ ہو بھی گئے۔۔۔



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Gham E Aashiqui| By Anabiya Seher(Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ٹھیک ہے آرام کرو کل چلتے ہیں پھر گھر دیکھنے """"انیس خانزادہ افان کے کندھے پر ہاتھ رکھ کے آگے بڑھ گئے۔۔۔



افان بھی نہیں روکا آگے بڑھ گیا اپنے کمرے کی جانب۔۔۔۔

♤♡♤♡♤♡

